سوال

(41) انسان اور چرند پرند کی روحیں مختلف ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

روح انسان کا اور چرند پرند کا ایک قسم کا ہے۔ یا کہ مختلف اور روح بڑھتا گھٹتا ہے یا نہیں جوان ہوتا ہے یا بوڑھا ہوتا ہے۔؟ (علی حسن خان آزاد بربنڈہ)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سوال کے پہلے حصے کے متعلق مجھے کوئی حدیث یاد نہیں کسی اور عالم سے پوچھیے اور بڑھنا گھٹنا جسم کا خلاصہ ہے روح جسم نہیں ہے۔

شرفیہ

حجۃ اللہ بالغہ باب حقیقۃ الروح میں شاہ ولی اللہ مرحوم محدث دہلوی نے لکھا ہے کہ جس کو لوگ بادی النظر میں روح جانتے ہیں وہ حقیقی روح نہیں۔ اور وہ روح حقیقی کا مطیہ یعنی سواری ہے۔ وہ گھٹتی بڑھتی بھی ہے۔ تغیر پزیر ہے۔ اور جو روح حقیقی ہے وہ ایک نقطہ نورانیہ ہے اس میں تغیر وتبدل نہیں۔ انتہیٰ۔ خلاصہ تعریفہ چونکہ روح ایک جنس ہے۔ لہذا اختلاف انواع ضرور ہوگا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص181

محدث فتویٰ